

گلگت بلتستان اور شمالی علاقہ جات کے لیے مون سون کے نقصانات سے بچاؤ کی تدابیر

National Disaster Management Authority

Infrastructure Advisory & Project Development Wing

گلگت بلتستان اور شمالی علاقہ جات کے لیے مون سون کے نقصانات سے بچاؤ کی تدابیر

مون سون کے موسم کے دوران پاکستان میں جانی نقصان کی بڑی وجہ کمزور گھروں کا منہدم ہونا ہے۔ اس مسئلے کے حل کے لیے بنیادی ساختی کمزوریاں اور ان کے متعلقہ اقدامات بیان کیے گئے ہیں۔ یہ اقدامات آئندہ ایسے سانحات سے بچاؤ اور رہائشی مکانات کو مضبوط بنانے کے لیے تجویز کیے گئے ہیں۔

نقصانات کی وجوہات

نمی زدہ حالت میں چھت کا ڈھانچہ بوجھ برداشت نہیں کر پاتا

غیر مناسب ڈھلوان کے باعث بارش کا پانی صحیح طریقے سے نہیں نکل پاتا

روایتی چھتوں میں مضبوطی کے لیے ضروری چیزیں جیسے سریا یا بیم نہیں ہوتی

لکڑی کے جوڑ گلنے، پھیلنے یا غلط طریقے سے بننے کی وجہ سے خراب ہو جاتے ہیں

مارٹر ٹھیک نہ ہونے اور اینٹوں کے درمیان جوڑ کمزور ہونے کی وجہ سے دیواریں کمزور ہو جاتی ہیں

وزن اٹھانے والی دیواروں میں ساختی مضبوطی فراہم کرنے والے عناصر کی عدم موجودگی

گلگت بلتستان اور شمالی علاقہ جات کے لیے مون سون کے نقصانات سے بچاؤ کی تدابیر



نقصانات کی وجوہات

دیواروں میں پانی جذب ہونے کے باعث بوجھ میں اضافہ، جو برداشت کی حد سے تجاوز کر جاتا ہے۔

مٹی میں پانی جذب ہونے سے زمین مختلف جگہوں پر بیٹھ جاتی ہے۔



علاقے میں بار بار آنے والے زلزلوں سے دیواریں کمزور ہو سکتی ہیں، جس سے بارشوں کے دوران گرنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

شدید بارش کے دوران ندی نالوں کے قریب یا ڈھلوانوں پر واقع کم گہری بنیادوں کی مٹی بہہ جاتی ہے۔

پانی کے بہاؤ سے عمارت کی بنیاد کے اردگرد مٹی بہہ جاتی ہے، جو اسے کمزور کرتا ہے۔

طویل عرصے تک پانی کھڑا رہنے سے مٹی کی بوجھ برداشت کرنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے۔

گلگت بلتستان اور شمالی علاقہ جات کے لیے مون سون کے نقصانات سے بچاؤ کی تدابیر

تجویز کردہ اقدامات

بارش و برف سے بچاؤ کے لیے اینٹی رسٹ اسٹیل، واٹر پروف لکڑی اور مضبوط جوڑ استعمال کریں۔

پانی کے بہتر بہاؤ کے لیے چھت کی ڈھلوان کم از کم 1:20 رکھیں، یعنی 10 فٹ پر کم از کم 6 انچ نیچے ہو۔

تمام ہموار یا کم ڈھلوان والی چھتوں کی تعمیر میں سریا اور ٹائی بیمز شامل کریں۔

درست جوڑنے کے طریقوں کے ساتھ خشک اور ویدر پروف لکڑی استعمال کریں۔

معیاری سیمنٹ استعمال کریں اور مناسب کیورنگ کے ذریعے دیواروں کی مضبوطی کو ممکن بنائیں۔

دیوار کے جوڑ مضبوط کرنے کے لیے جستی وائر میش لگائیں تاکہ دراڑیں نہ پڑیں اور دیوار مضبوط رہے۔

گلگت بلتستان اور شمالی علاقہ جات کے لیے مون سون کے نقصانات سے بچاؤ کی تدابیر

تجویز کردہ اقدامات

پتھر کی دیوار کو مضبوط بنانے کے لیے درست بریسنگ لگائیں۔

بیرونی دیواروں پر واٹر پروفنگ کریں اور ہلکے، پانی جذب نہ کرنے والے مواد استعمال کریں۔

اینٹوں سے بنی عمارتوں میں کنفائنمنٹ کالمز اور لنٹل بیمز شامل کریں۔

سطحی پانی کے بہاؤ پر قابو پانے کے لیے مناسب نکاسی آب کی نالیاں اور پتھروں کی تہہ (اسٹون پچنگ) تعمیر کریں۔

بنیاد کے نیچے کی ذیلی مٹی کو بجری کی تہوں یا جیو ٹیکسٹائلز سے بہتر بنائیں تاکہ پانی جمع ہونے کے اثرات سے بچا جا سکے۔

پانی کے قریب جگہوں پر بنیاد کو گہرا کریں اور پتھروں یا دیوار سے حفاظت کریں۔

گلگت بلتستان اور شمالی علاقہ جات کے لیے مون سون کے نقصانات سے بچاؤ کی تدابیر



تجویز کردہ اقدامات

وی شکل کی بریسنگ چھت کو زلزلے، ہواؤں اور برفباری کے دباؤ سے بچا کر عمارت کو طاقت اور استحکام فراہم کرتی ہے۔

بارش اور سیلاب میں مضبوطی کے لیے لکڑی کے شہتیروں کو اسٹیل گرڈر سے دھاتی ہینگرز یا بریکٹس سے جوڑیں۔

آفات کی صورت میں میٹیریل ہبز کا استعمال

پری انجینئرڈ اسٹرکچرل کمپونٹس

لکڑی کے تختے



پری فیب سینڈوچ پینلز

بانس

لائٹ گیجڈ کمپونٹس

جستی چادر

کسی بھی آفت کی صورت میں گلگت میں ایک میٹیریل ہب قائم کیا گیا ہے، جہاں ضروری سامان موجود ہے جو تعمیر نو اور بحالی کے کاموں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ضرورت پڑنے پر نیچے دی گئی متعلقہ افراد کی رابطہ معلومات سے مدد حاصل کی جا سکتی ہے۔

	نام	عہدہ	مقام	رابطہ نمبر
1	انجینئر محمد عباس خان	مینیجر	NDMA (HQ)	0333-9032143
2	وجاہت رحمان	فوکل پرسن	NDMA (HQ)	0321-8424406
3	جانو خان	اسٹور مینیجرز	گلگت	0317-3367680
4	سردار حسین	اسٹور انچارج	گلگت	0355-5342362

Developed by

Infrastructure Advisory & Project Development Wing
National Disaster Management Authority
Islamabad

http://www.ndma.gov.pk/infra_advisory